صحت سہولت پروگرام

صحت سب کے لئے

درج ذیل بیماریوں کا تحفظ اس پروگرام میں شامل نہیں

- کسی بھی تفریحی ایڈونچر، ماورائی عناصر کھیل یا مقابلے اور ان کی تربیت/ان میں حصہ لینے کے نتیجے میں درکار علاج۔
- کسی بھی غیر قانونی حرکت/جرم کے نتیجے میں درکار علاج۔
- کسی بھی قسم کے شہری ہنگامے، دہشتگردی، عوامی شورش، بغاوتوں کا اقدام، جنگ کی حالت یا خانہ جنگی کی صورت، قومی اقدامات، سیاسی سرگرمیاں جو کہ حکومت پر دباؤ ڈالنے کا سبب بنیں، قدرتی آفات مثلاً سیلاب، زلزلہ، آتشزدگی طوفان، وغیرہ کی وجہ سے بیماریاں اور چوٹیں۔
- ایٹمی تنصیبات سے اخراج یا ایٹمی اسلحے کے موجود کے باعث درکار علاج۔
- آرام، بڑھاپے، صحتیابی اور نقاہت یا گھر میں علاج، اسپاء، بالنیوتھراپی، تھلی تھراپی، ڈرنگ ہوم یا ایسے عرصے تک کیلئے ایسی جگہ علاج جو ہسپتال نہ ہو۔
- تجرباتی اور غیر مستند علاج۔
- دانتوں کا معائنہ، آپریشن اور دانتوں سے متعلق تمام علاج۔
- بینائی کی درستگی سے متعلق جراحی جیسا کہ ریفریکٹو آپریشن وغیرہ۔
- غیر ضروری ہسپتال میں داخلی علاج۔
- کاسمیٹک یا پلاسٹک سرجری، سوائے پیدائشی ضروری ہو
- ٹٹے شدہ کمرے کے کرائے سے زیادہ مہنگے کمرے میں علاج کروانا۔
- کسی بھی عضو کی پیوندکاری سے متعلق اخراجات۔
- دیگر مصنوعی معاونتی اور طبی سازوسامان جس کی عموماً جراحی میں ضرورت نہ ہو۔
- روٹین آپریشن کے اخراجات جیسے خون کا ٹیسٹ، ایکسرے اور دیگر اخراجات جو طبی طور پر ضروری نہ ہوں۔

آپ کے سوالات کے جوابات

- **صحت سہولت پروگرام میں کون سے لوگ شامل ہیں؟**
  اس پروگرام میں وہ تمام افراد شامل ہیں جو کہ احساس پروگرام کے تحت غربت کی سطح سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، جاری کے ریکارڈ کے مطابق خصوصی افراد یا ٹرانسجینڈر ہیں۔
- **مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے ہسپتال میں داخل ہونا چاہیے؟**
  کسی بھی ہسپتالی تشخیص میں قریبی ڈاکٹر سے رجوع کریں، وہ آپ کا معائنہ کرنے کے بعد آپ کو آگاہ کریگا کہ بیماری کی نوعیت کیا ہے اور آپ کو ہسپتال میں داخلے کی ضرورت ہے یا نہیں۔
- **کون کون سی بیماریاں/علاج کیلئے قومی صحت کارڈ استعمال کیا جا سکتا ہے؟**
  ایسی بیماریاں جن میں ہسپتال میں داخل ہونا پڑے شامل زندگی۔
- **میں ہسپتال میں کتنی مرتبہ کارڈ استعمال کر سکتا ہوں؟**
  ہر کارڈ میں فیملہ خاندان کیلئے سالانہ 60,000 روپے تک کا جنرل علاج اور 300,000 روپے تک کا ترسیلی علاج کروانے کی سہولت ہے۔جبکہ تک یہ رقم موجود ہے آپ علاج کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔
- **کیا رجسٹرڈ خاندان میں نئے پیدا ہونے والے بچے کو بھی قومی صحت کارڈ کی سہولت حاصل ہوگی؟**
  جی ہاں! رجسٹرڈ خاندان میں نئے پیدا ہونے والے بچے کو بھی فوری طور پر قومی صحت کارڈ کی سہولت حاصل ہوگی بشرطیکہ اس کی پیدائش ہسپتال کروہ ہسپتال میں ہو۔
- **اگر کوئی کارڈ استعمال نہ کرے تو اس کو کوئی رقم دی جائے گی؟**
  قومی صحت کارڈ صرف اور صرف ہسپتال کے داخلی علاج کیلئے ہے،اس کو استعمال نہ کرنے کی صورت میں کسی بھی قسم کی رقم کی ادائیگی نہیں ہو گی۔
- **کیا مجھے ہسپتال آنے جانے کیلئے کسی قسم کی ٹرانسپورٹ دیہ کی جائے گی؟**
  ہسپتال میں داخلی علاج کی صورت میں مریض کو گھر کے کرائے کی مد میں 1000/- روپے دیئے جائیں گے جو کہ سال میں زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ ادا کئے جائیں گے۔
  رجسٹرڈ خاندان کا مریض زیر علاج دوران علاج فوت ہو جائے تو اس کی تجہیز و تکفین کے لئے مبلغ 10,000 روپے کی ادائیگی کی جائے گی۔

ہیلپ لائن

کسی بھی قسم کی معلومات اور رہنمائی کیلئے ٹول فری نمبر پر رابطہ کریں۔

0800-09009

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

اسٹیٹ لائف ،بلڈنگ نمبر۔ 9، بلند مرکز
ہیلتھ پروجیکٹ آفس، دوسری منزل ، اسلام آباد

صحت سہولت پروگرام

PHIMC
PUNJAB HEALTH INITIATIVE MANAGEMENT COMPANY

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

صحت سہولت پروگرام

صحت سب کے لئے

خوراک ، رہائش ، تعلیم اور روزگار جیسی بنیادی ضروریات کی فراہمی کسی بھی معاشرے کی فلاح و بہبود میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ جسم اگلے ساتھ صحت کی سہولیات کی فراہمی بھی متوازن اور خوشحال معاشرے کیلئے ناگزیر ہے۔ بلا شبہ ایک صحت مند معاشرہ ہی صحت مند قوم کو جنم دیتا ہے اور اس کی بدولت آنے والی نسلیں ایک روشن مستقبل کی جانب گامزن ہوتی ہیں۔

ایک معاشرہ کتنا صحت مند ہے اس کا اندازہ معاشرے میں خواتین کی صحت اور انہیں دستیاب سہولیات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ ایک ماں جتنی صحت مند اور تندرست ہو گی آنے والی نسل بھی اتنی ہی صحت مند ہو گی۔

گزشتہ برسوں میں بڑھتی ہوئی آبادی اور ماحولیاتی آلودگی کے باعث کئی مہلک امراض نے جنم لیا ہے جس کے باعث ایک بڑی تعداد میں افراد متاثر ہوئے ہیں۔ بڑھتی ہوئی ان بیماریوں کے علاج و معالجے کے اخراجات اکثر غریب آدمی کے بس میں نہیں رہا۔ غریب طبقے کی ان مشکلات کو پیش نظر رکھتے ہوئے موجودہ عوامی حکومت نے صحت سہولت پروگرام کا آغاز کیا ہے جس میں ریڑھ کی ہڈی خاندانوں کو حکومت کی جانب سے صحت کی سہولیات بہم پہنچائی جائیں گی۔

ہسپتال میں داخلے کا طریقہ کار

اس پروگرام کے تحت آپ کو قومی صحت کارڈ فراہم کیا جائے گا جو کہ منتخب سرکاری یا نجی ہسپتال میں داخلے کے وقت آپ کے پاس موجود ہونا چاہیے۔

ہسپتال میں داخلے کیلئے جانے سے قبل یہ اطمینان کر لیں کہ آپ کے پاس قومی صحت کارڈ ، اصل قومی شناختی کارڈ اور بچوں کے داخلے کی صورت میں ان کا ب فارم لازمی موجود ہے۔ ان دستاویزات کے ساتھ ہمارے پینل ہسپتالوں میں جن کی فہرست موجود ہے، ان میں سے کسی بھی قریبی ہسپتال کا انتخاب کریں ۔ وہاں پہنچنے پر اس پروگرام کا فائدہ اٹھانے کے سلسلے میں آپ کی راہنمائی کیلئے موجود ہو گا۔ اس کو اپنا قومی صحت کارڈ اور قومی شناختی کارڈ / ب فارم دیں۔

ضابطہ آپ کے قومی صحت کارڈ کی جانچ کرے گا اور متعلقہ شعبے تک آپ کی راہنمائی کرے گا۔

صحت سہولت پروگرام میں شامل علاج و سہولیات

1 بیرونی علاج

اس پروگرام کے تحت ہر رجسٹرڈ خاندان کو ہسپتال میں داخلے کی صورت میں سالانہ 60,000/- روپے تک کی رقم کا تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔

- اس میں وہ تمام علاج شامل ہیں جن میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو۔
- حمل و زچگی اور اس سے متعلق بیماریاں جن میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو۔
- حادثہ جس میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو۔

بیرونی علاج میں شامل بیماریاں

- ہر قسم کی بیماریاں جس میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو بشمول حادثہ اور زچگی یا اس سے متعلق حالات۔

2 ترجیحی علاج

اس پروگرام کے تحت ہر رجسٹرڈ خاندان کو ہسپتال میں داخلے کی صورت میں سالانہ 300,000/- روپے تک کی رقم کا تحفظ فراہم کیا گیا ہے

- آٹھ قسم کی خطرناک اور پھیلاری امراض والی بیماریاں۔

ترجیحی علاج میں شامل بیماریاں۔

- امراض قلب ● ذیابیطس سے متعلق پیچیدگیاں جس میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو
- حادثاتی پیدائش(زندگی بچانے کے علاوہ دیگر نئی لوٹ پھوٹ ، سڑک کا حادثہ، چلنے کا حادثہ)
- اعضاء(دل، جگر، گردے، پھیپھڑے) کے ناکارہ ہونے کی صورت میں علاج بامعاوضہ ڈونر کارڈ
- ہسپتال میں داخلے کی صورت میں ذہنی بیماریوں کی وجہ سے علاج ، معالجہ
- (Hepatitis B اور Hepatitis C) ہیپاٹائٹس
- آخری درجے پر گردوں کی بیماری ● اعصابی نظام کی فراخی ● کینسر

ہسپتال میں داخلے کے دوران مریض کو کسی بھی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہیں کرنی ہوگی۔
یہ سہولت صرف پینل ہسپتال میں داخلے کی صورت میں ہی میسر ہو گی۔

صحت سہولت پروگرام کی نمایاں خصوصیات

- خاندان کے افراد کی تعداد کی کوئی حد نہیں۔
- پروگرام میں شامل افراد کی عمر کی کوئی حد نہیں۔
- بیرونی علاج کیلئے ہسپتال میں داخلہ (Day Care) شامل ہے۔
- بیرونی علاج کیلئے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں داخلے سے ایک دن قبل کی اور ہسپتال سے اخراج کے بعد مزید پانچ دن کی ادویات ہسپتال فراہم کریگا۔

بیرونی علاج میں زچگی شامل ہے جس میں

- نارمل ڈیلیوری (Normal Delivery) ● سی سیکشن / آپریشن
- زچگی کی پیچیدگیاں
- بچہ کی پیدائش سے قبل 4 بار معائنہ، بچہ کی پیدائش کے بعد ایک معائنہ اور ایک مرتبہ لازمی ٹیٹوا بچے کا معائنہ
- خاندانی منصوبہ بندی ، خاتون کے اور مرد بچے کی آنکھوں کے معلوے
- خاندانی منصوبہ بندی کے طریقہ جات جس میں شامل ہیں

(Copper T, Tube Ligation, Vacestomy)

ترجیحی علاج میں شامل

- ہسپتال سے اخراج کے بعد ایک بار مفت معائنہ

ورج ذیل بیماریوں کا تحفظ اس پروگرام میں شامل نہیں

- ہر قسم کا ذاتی علاج
- جان بوجھ کر اپنے آپ کو زخمی کرنے کا علاج ،خودکشی،شراب نوشی،نشہ آور ادویات یا انجیکشن کا استعمال اور جنسی بیماریاں۔
- تمام نفسیاتی،ذہنی، اعصابی بیماریاں ،علاج،ادارتی برائے تحویلی صحت (خواہ ذہنی آسودگی کیلئے ہو یا دیگر)،اعصابی تناؤ، نفسیاتی پریشانیاں، صدمہ،ذہنی دباؤ وغیرہ۔
- بانجھ پن اور اس سے متعلق علاج،حاملہ ہونے کے طریقہ کار اور اس سے متعلق علاج،بارمونز کی کمزوری کا علاج اور ان سے متعلق ٹیسٹنگ ٹیسٹ۔

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان